## مختصر سوالات کے جوابات

**سوال نمبر 1:** حضرت عثمان غنی نے جب ابن عمر کو قاضی بننے کی پیش کش کی تو انہوں نے کیا کہا؟

جواب: حضرت عبد اللہ بن موھب سے روایت ہے۔ کہ حضرت عثمان نے ابن عمر سے فرمایا جاؤ لوگوں کے درمیان فیصلے کرو۔ انہوں نے کہا "یامیر المومنین کیا آپ مجھے معاف رکھیں گے"۔ حضرت عثمان نے فرمایا تم اسے کیوں بُرا سمجھتے ہو تمہارا باپ تو فیصلے کیے کرتے تھے۔ اس انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا "جو کافی ہوا اور اس نے عمل وانصاف کے ساتھ فیصلے کیے تو لائق ہے کہ وہ اس سے برابر برابر چھوٹ جائے۔ اس کے بعد کیا اُمید رکھوں۔

**سوال نمبر 2:** قضاء کے عہدے کا سوال کرنا کیسا ہے؟

جواب: اس کا سوال کرنا مکروہ ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا "من سئال القضاء وکل الی نفسه" جو قضا کا مطالبہ کرتا ہے وہ اپنی ذات کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔ (مطلب اللہ کی مدد اس کے شامل حال نہیں ہوتی)۔

**سوال نمبر 3:** حدیث قضاء میں الفاظ استعمال ہوئے ہیں (فقد ذبح بغیر سکین) ان الفاظ کی وضاحت کریں؟

جواب: جو شخص لوگوں کے درمیان قاضی بنایا گیا گویہ کہ اسے بغیر چھوری کے ذبح کیا گیا۔ یہاں پر اس سے مراد معنوی مفہوم ہے۔ اگر اس نے صحیح فیصلہ کیا لوگ اس کی جان کے دشمن اگر غلط فیصلہ کیا تو عذاب نار کا مستحق ہوتا اور یہاں پر کافی کو متنبہ کرنا مقصود ہے۔ دوسرا معنی کہ چھری کے ساتھ ذبح کرنا اس میں آسانی ہے بجائے اس کہ کے گھلا گھونٹ کر مارا جائے یہاں پر ڈرانے اور خوف دلانے میں مبالغہ کیا گیا ہے۔

**سوال نمبر 4:** متقی اور نیک قاضی کی حدیث مبارکہ میں کیا فضیلت ہے؟

جواب: حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "**اذا حکم الحاکم فاجتہر فاصاب فله اجران واذا حکم فاخطاء فله اجر واحد**"

**سوال نمبر 5:** فیصلہ کرنے کا طریقہ بیان کریں؟

جواب: **البینة علی المدعی والیمین علی من انکر۔**

**سوال نمبر 6:** ترجمہ کریں "**الحمد الله الذی وقف رسول رسول الله ﷺ**"

جواب: اللہ کا شکر ہے جس نے اللہ کے رسول کے قاصد کو توفیق بخشی۔

**سوال نمبر 7:** قاضی کیسے فیصلہ کرے؟

جواب: قاضی کسی مسلہ کے حل کے لیے کتاب اللہ سے دیکھے پھر سنت رسول ﷺ میں پھر اجماع امت کو دیکھے پھر



Rao Moiz

اجتھاد کرے۔

**سوال نمبر8:** عدالت کب یک طرفہ فیصلہ کرنے کی مجاز ہوتی ہے؟

جواب: اگر دوسرا فریق خاموش رہے عدالت کے سامنے کچھ نہ کہے نہ انکار کرے اور نہ اقرار یا دوسرا فریق عدالت کے طلب کرنے پر عدالت میں بیان دینے کت لیے حاضر نہ ہو توان صورتوں میں عدالت یک طرفہ فیصلہ کرنے کی مجاز ہو گی

**سوال نمبر9:** ایک گواہ ہو اور مدعی قسم دے فیصلہ جائز ہے کہ نہیں اس میں صرف اختلاف ائمہ بیان کریں؟

جواب: امام اعظم حنیفہ اور اہل کوفہ کے نزدیک اس طرح فیصلہ کرنا درست نہیں ہے۔

امام شافعی اور امام احمد اور جمہور علماء کے نزدیک اس طرح فیصلہ درست ہے۔

حقوق اور اموال میں ایسا کرنا جائز ہے۔

**سوال نمبر10:** قاضی کی شرائط وآداب بیان کریں؟

جواب: قاضی مسلمان ہو، عاقل ہو، بالغ ہو، صاحب عدل ہو۔ اس کے مختلف آداب ہیں صاحب فراست ہو، فریضہ قضاء انجام دینے کا اہل ہو، دل سے اس منصب کا خواہش مند نہ ہو، کسی فریق سے سرگوشی کرنے والا نہ ہو، کھلے عام لوگوں کے مسائل سننے والا نہ ہو۔

**سوال نمبر11:** ناحق چیز کو لینے کے بارے میں اختلاف ائمہ لکھیں؟

جواب: اگر کسی بندے کی کوئی چیز نہ ہو اس نے قاضی کی عدالت میں دعوٰی کر دیا اور جھوٹے دلائل سے اپنا دعوٰی ثابت کر دیا وہ چیز اس بندے کی ہو جائے گی اس میں اختلاف ہے۔

**آئمہ ثلاثہ**

ظاہراً وہ بندہ اس چیز کا مالک ہو جائے گا لیکن باطناً وہ اس شے کا مالک نہیں ہے۔ وہ اس کو استعمال نہیں کر سکتا اور نہ ہی آگے بیچ سکتا ہے کیونکہ اس سے خرابیاں لازم آئیں گی۔

**عندالاحناف**

امام اعظم کے نزدیک وہ شخص ظاہراً اور باطناً دونوں صورتوں میں مالک بن جائے گا لیکن قیامت والے دن سے مواخذہ لیا جائے گا۔

**سوال نمبر12:** عمرٰی کی تعریف لکھیں؟

جواب: کسی کو عمر بھر کے لیے کوئی چیز ہبہ کرنے کو **عمرٰی** کہتے ہیں۔ مثلاً یوں کہے میں نے یہ گھر عمر بھر کے لیے دے دیا۔

**سوال نمبر13:** عمرٰی میں اختلاف ائمہ لکھیں؟



Rao Moiz

جواب: جب کسی نے کسی کو کوئی چیز ہبہ کی موہوب لہ کے مرنے کے بعد وہ چیز اپنے اصلی مالک کی طرف لوٹ آتی ہے ۔یہ امام شافعی اور امام مالک بن انس کا قول ہے۔احناف کے نزدیک موہوب لہ کے مرنے کے بعد وہ چیز اس کے ورثہ کی طرف لوٹ جائے گی یہی سفیان ثوری اور امام احمد کا قول ہے۔

**سوال نمبر14:** کن دو صورتوں میں صلح حرام ہے؟

جواب: (1) جو صلح حلال کو حرام کر دے، رشتہ داری کی بناپر کسی ایک فریق کا حصہ مارنا۔

(2) جو صلح حرام کو حلال کر دے، مثلاً طلاق مغلضہ والی کی بغیر حلالہ کے صلح کروانا۔

**سوال نمبر15:** جب والدین میں کسی وجہ سے جدائی ہو جائے تو بچہ کس کو اختیار کرے؟

جواب: اگر بچہ بڑا ہو تو اس کو اختیار دیا جائے گا دونوں میں جس کو چاہے اختیار کر لے اور اگر بچہ چھوٹا ہے تو اس پر اس صورت میں ماں کا حق زیادہ ہے سات سال کی عمر میں بچے کو اختیار دیا جائے گا۔

**سوال نمبر16:** باپ کا اپنے بیٹے کے مال سے کچھ لینا کیسا ہے؟

جواب: حدیث پاک میں ہے "انت ومالک لابیک" مطلب بیٹے کا مال باپ کے لیے مباح ہے۔اس میں سے لے سکتا ہے بہتر یہ ہے کہ اپنے ہاتھ سے کمائے۔باپ اپنے بیٹے کے مال کا مالک نہیں ہو سکتا اگر باپ بیٹھ جائے تو اس کی کفالت اس کی اولاد پر ہے۔

**سوال نمبر17:** غیر کی زمین میں اس کی اجازت کے بغیر کھیتی کرنے کا حکم بیان کریں؟

جواب: ایسا کرنا جائز نہیں ہے اگر کسی نے ایسا کیا تو اس کے لیے کھیتی میں سے کچھ نہیں ہو گا ہاں اگر خرچ واپس لے سکتا ہے۔یہی حدیث مبارکہ میں بیان کیا گیا ہے۔

**سوال نمبر18:** اولاد میں کوئی چیز ہبہ کرتے وقت برابری کا کیا حکم ہے؟

جواب: اس میں اختلاف ہے۔بعض اہل علم کے نزدیک ہبہ کرتے وقت برابری مستحب ہے۔یہی سفیان ثوری کا قول ہے۔

جبکہ امام احمد بن حنبل کے نزدیک اولاد میں کوئی چیز ہبہ کرتے وقت عدل کرنا واجب ہے ایک کو دوسرے سے زیادہ دینا حرام ہے۔جبکہ احناف کے نزدیک مستحب ہے۔

**سوال نمبر19:** شفعہ کا لغوی معنی اور اصطلاحی معنی بیان کریں؟

جواب: **لغوی معنی:** شفعہ کا لغوی معنی ہے "ملانا" شفع الشی باالشئی ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ ملانا

**اصطلاحی معنی:** جبکہ اصطلاح میں اس سے مراد شرکت کا پڑوس کی بناپر مشتری کی ادا کردا قیمت کو ادا کر کے اس شے کا مالک بن جانا **شفعہ** کہلاتا ہے۔



Rao Moiz

سوال نمبر20: کب شفعہ کا حق نہیں ہوتا؟

جواب: حضرت جابر سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا "**اذاوقعت الحدود وصرفت الطریق فلاشفعۃ**"

سوال نمبر21: کن چیزوں میں شفعہ ہے؟

جواب: احناف کے نزدیک غیر منقولی اشیاء میں شفعہ ہے جبکہ منقولی اشیاء میں شفعہ نہیں ہے۔اور بعض اہل علم کہتے ہیں منقولی اور غیر منقولی سب چیزوں میں شفعہ ہے لیکن پہلے والا قول زیادہ راجح ہے۔

سوال نمبر22: لقطہ کے اعلان کی مدت وغیرہ میں اختلاف آئمہ لکھیں؟

جواب: **آئمہ ثلاثہ**

تین سال تک لقطہ کی تشہیر کرے گا اگر مالک مل جائے تو دے دے ورنہ خود رکھ لے امیر ہو یا فقیر دونوں صورتوں میں رکھ سکتا ہے۔

**احناف**

ایک سال تک لقطہ کی تشہیر کرے گا اگر مالک مل جائے تو نشانی وغیرہ پوچھ کر اس کو دے دے اگر مالک نا ملے تو اگر یہ بندہ فقیر ہے تو خود رکھ لے اگر غنی ہے تو مالک کی طرف سے صدقہ کر دے۔

سوال نمبر23: وقف کی تعریف کریں؟

جواب: اپنی ملکیت سے کوئی چیز نکال کر اللہ تعالیٰ کی ملک کر دینا کہ اس میں سے بندگان خدا فائدہ اٹھائیں **وقف** کہلاتا ہے۔

سوال نمبر24: بنجر زمین کو آباد کرنے کے بارے میں اختلاف آئمہ تحریر کریں؟

جواب: **آئمہ ثلاثہ**

اگر حاکم کی اجازت کے بغیر ہی اس زمین کو آباد کرے گا تو اس کی ہے۔

**امام اعظم کا مئوقف**

حاکم کی اجازت لے کر اس زمین کو آباد کرے گا اجازت میں تعمیم ہے چاہے تو آباد کرنے کے بعد اجازت لے لے اور چاہے تو پہلے اجازت لے لے۔

سوال نمبر25: درخت لگانے کی فضیلت پر ایک حدیث لکھیں؟

جواب: حضرت انس سے روایت ہے وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں "**قال مامن مسلم یغرس غرسا او یزرع زرعا فیئا کل منہ انسان او طیر الا کانت لہ صدقۃ** "**جامع ترمذی**"صفحہ نمبر(389)حدیث نمبر(۱۳۴۲)۔

سوال نمبر26: مزارعت پر زمین دینا کیسا ہے؟



Rao Moiz

جواب: بٹائی پر زمین دینا جائز ہے۔ اس کو مضاربت اور شراکت پر محمول کیا جائے گا۔ لیکن اس میں کوئی ناجائز شرط نہ لگائی جائے کہ فلاں حصہ میں لوں گا۔ حضرت عبد اللہ بن عمر کہتے ہیں کہ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے خیبر والوں کے ساتھ خیبر کی زمین سے جو بھی پھل یا غلہ حاصل ہو گا اس کے آدھے پر معاملہ کیا۔

**سوال نمبر 27:** دیت کا لغوی معنی اور اصطلاحی معنی لکھیں؟

جواب: **لغوی معنی:** خون بہا دینا، کفارہ قتل، تاوان قتل، کسی نفس کے قتل یا جسم کے عضو کے ضائع کرنے کے بدلے میں جو مال دیا جاتا ہے اسے **دیت** کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 28:** اقسام قتل بیان کریں؟

جواب: قتل کی اقسام پانچ ہیں: (1) قتل عمد (2) قتل شبہ عمد (3) قتل خطاء (4) قتل قائم مقام خطاء (5) قتل سبب

**سوال نمبر 29:** دیت میں پانچ اقسام کے اونٹ دیے جاتے ہیں ان کے نام لکھیں؟

جواب: (1) 20 **بنت مخاض:** وہ اونٹنی جس کی عمر ایک سال ہو۔

(2) 20 **بنت مخاض:** وہ اونٹ جس کی عمر ایک سال ہو۔

(3) 20 **بنت مخاض:** وہ اونٹنی جس کی عمر دو سال ہو۔

(4) 20 **بنت مخاض:** وہ اونٹ جس کی عمر تین سال ہو۔

(5) 20 **بنت مخاض:** وہ اونٹ جس کی عمر چار سال ہو۔

**سوال نمبر 30:** "قال رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیۃ اصابع الیدین والرجلین سواء عشرۃ من الابل لکل اصبع" ترجمہ کریں؟

جواب: رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کی دیت برابر ہے ہر انگلی کے بدلے دس اونٹ ہیں۔

**سوال نمبر 31:** حدیث پاک میں آیا سب سے پہلے خون کا فیصلہ کیا جائے حالانکہ یہ حدیث بھی موجود ہے کہ سب سے پہلے نماز کا حساب ہو گا؟

جواب: ان حدیثوں میں تطبیق یہ ہے کہ حقوق العباد میں سب سے پہلے خون کا فیصلہ کیا جائے گا اور حقوق العباد میں سب سے پہلے نماز کا حساب ہو گا۔

**سوال نمبر 32:** تین صورتوں میں مسلمان کا قتل جائز ان تینوں کو بیان کریں؟

جواب: (1) شادی شدہ زانی۔

(2) کسی کو جان بدلے قتل کرنا مطلب قصاص میں۔

(3) مسلمانوں کی جماعت کو چھوڑ کر الگ ہو جائے مطلب اپنا چھوڑ دے۔

**سوال نمبر 33:** مُثلہ کی تعریف لکھیں؟



Rao Moiz

جواب:مردہ کے ناک،کان وغیرہ کاٹ کر صورت بگاڑ دینے کو **مثلہ** کہتے ہیں۔اس سے رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا۔

**سوال نمبر34:** اگر کسی نے حاملہ عورت کو پتھر یا لاٹھی وغیرہ سے مارا تو اس کے قصاص وغیرہ کا کیا حکم ہے؟

جواب:اگر صورت مذکورہ میں بچہ مردہ پیدا ہوا تو اس صورت میں دیت ہو گی اور وہ ایک غلام یا لونڈی دینا ہو گی۔اگر بچہ اسی صورت میں پیدا ہو اور زندہ پیدا ہوا یا اس نے چیخ ماری بوجہ ضرب وہ مر گیا تو ایسی صورت میں مارنے والے کے عصبہ پر دیت مغلظہ ہے یا قصاص۔

**سوال نمبر35:** جو بندہ اپنے غلام کو قتل کرے یا غیر کے غلام کو قتل کرے اس میں احناف وشوافعہ کا مؤقف تحریر کریں؟

جواب: **شوافعہ کا مؤقف**

جو شخص اپنے غلام کو ناحق قتل کرے یا غیر کے غلام کو قتل کرے بدلے میں اسے قتل کیا جائے گا۔

**احناف کا مؤقف**

جو شخص اپنے غلام کو قتل کرے بدلے آقا کو قتل نہیں کیا جائے گا دیت وغیرہ اس پر ہو گی اگر یہ بندہ کسی دوسرے کے غلام کو قتل کر دے تو بدلے میں اس کو قتل کیا جائے گا۔

**سوال نمبر36:** "من قتل دون مالہ فھو شھید" اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: "مَن قُتِلَ دُونَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيد"

ترجمہ:جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کیا گیا تو وہ **شہید** ہے۔

**سوال نمبر37:** قسامت کی تعریف کریں؟

جواب:نامعلوم قتل کی صورت میں مشتبہ افراد یا بستی والوں سے قسم لینے کو **قسامت** کہتے ہیں۔اور یہ قسم پچاس بندوں سے لی جائے گی۔قسامت کی بناء پر قصاص واجب نہیں صرف دیت واجب ہے۔

**سوال نمبر38:** حد میں تین طرح کے لوگ مرفوع القلم ہوتے ہیں ان کو لکھیں؟

جواب:(1)سونے والا جب تک نیند سے بیدار نہ ہو جائے۔

(2)بچہ جب تک بالغ نہ ہو جائے۔

(3)دیوانہ جب تک سمجھ بوجھ والا نہ ہو جائے۔

**سوال نمبر39:** مسلمان کی عیوب کی پردہ پوشی کرنے کی فضیلت پر حدیث تحریر کریں؟

جواب:حضرت ابوہریرہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے مومن کی دنیا کی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کی اللہ اس کی آخرت کی تکلیفوں میں سے کوئی تکلیف دور کرے گا جس نے مسلمان کی پردہ پوشی کی اللہ اس کی دنیا اور آخرت میں پردہ پوشی کرے گا اللہ بندے کی مدد میں لگا رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد کرتا رہتا ہے

**سوال نمبر 40:** اگر کوئی زانی اپنے اقرار سے رجوع کر لے تو حد کیا ہو گی؟

جواب: حد ساقط ہو جائے گی۔

**سوال نمبر 41:** جب زانی اقرار کر لے اور اس کو رجم کر دیا جائے تو اس کی نماز جنازہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: کفن دفن کا انتظام کیا جائی ے گا اور نماز جازہ بھی پڑھی جائے گی۔

**سوال نمبر 42:** کن صورتوں میں رجم واجب ہے؟

جواب: حدیث کی روح سے تین صورتوں میں رجم واجب ہے

(1) جب زانی شادی شدہ ہو اور گواہ موجود ہوں۔

(2) جس عورت کے ساتھ زنا کیا گیا وہ حاملہ ہو جائے۔

(3) زانی خود اعتراف کر لے تو رجم واجب ہے۔

**سوال نمبر 43:** چور کتنا مال چوری کلے تو ہاتھ کاٹا جائے گا؟ اختلاف آئمہ تحریر کریں؟

جواب: **احناف کا مؤقف:**

امام اعظم کے نزدیک درہم کے بدلے چور کا ہاتھ کاٹا جائی ے گا یہی اہل کوفہ کا مؤقف ہے۔

**شوافع کا مذہب:**

ربع دینار یا تین درہم کے بدلے چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔

**دلیل:** "عن ابن عمر قال اللہ ﷺ فی مجن قیمتہ ثلثہ دراھم"

**احناف کی دلیل:** "عن ابن مسعود انہ قال لا قطع الا فی دینار او عشرۃ دراھم"

**سوال نمبر 44:** "عن جابر عن النبی ﷺ قال لیس علی خائن و لا تنھب و لا مختلس قطع" ترجمہ کریں؟

جواب: حضرت جابر سے روایت ہے انہوں نے حضور علیہ السلام سے روایت کیا کہ حضور نے فرمایا "خیانت کرنے والے ڈاکو اور اچکنے کی سزا ہاتھ کاٹنا نہیں ہے اس میں مال محترم و محفوظ نہیں چرایا اور خفیہ طریقے سے بھی نہیں چرایا۔

**سوال نمبر 45:** جس عورت سے زبردستی زنا کیا گیا اس پر شرعی حد ہے کہ نہیں؟

ایسی عورت پر حد نہیں ہے حضرت وائل بن حجر سے روایت ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے زمانے نے میں ایک عورت سے کسی نے زبردستی زنا کیا رسول اللہ ﷺ نے اس عورت کو حد سے بری کر دیا اور اس زانی پر حد جاری فرمائی۔

**سوال نمبر 46:** مرتد کی کیا سزا ہے بیان کریں؟

جواب: مرتد کی سزا قتل ہے اگر وہ توبہ استغفار کریں اعلانیہ طور پر تو قتل نہیں کیا جائے گا اگر عورت مرتد ہو جائے تو اس میں اختلاف ہے **امام احمد**، **اسحاق**، اور **شوافع کا مؤقف** قتل کیا جائے گا جب کہ **احناف** کا مؤقف عورت کو قید کیا جائے گا



Rao Moiz

یہی **سفیان ثوری** اور **اہل کوفہ** کا قول ہے

**سوال نمبر47**: حدیث حسن کی تعریف لکھیں؟

جواب: ایسی حدیث جو درجہ ضعف سے برتر ہو لیکن درجہ صحت کو نہ پہنچے اس میں ایک شرط نہیں پائی جاتی اور وہ ضبط میں کمی ہے۔

**سوال نمبر48**: حدیث صحیح کی تعریف لکھیں؟

جواب: ایسی حدیث جس کی سند متصل ہو، راوی عادل ہو، ضابط ہو، اور وہ حدیث شاذ اور معلل نہ ہو۔

**سوال نمبر49**: جامع ترمذی کے مصنف کا نام لکھیں؟

جواب: ابو عیسٰی محمد بن عیسٰی۔

**سوال نمبر50**: جامع کی تعریف لکھیں؟

جواب: محدیثین کی اصطلاح الجامع حدیث کی کتاب کو کہتے ہیں۔ جس میں آٹھ مخصوص عنوات کے تحت ذکر کی جائیں۔ سیر، تفسیر، آداب، عقائد، فتن احکام، اشراط اور مناقب۔

**سوال نمبر51**: کتے کے کئے ہوے شکار میں سے کب کھانا جائز اور کب ناجائز ہے؟

جواب: اگر معلم کتا شکار میں سے کچھ نہ کھائے تو اب شکار کو کھانا جائز ہے اور اگر اس کے ساتھ غیر معلم کتا شامل ہو گیا یا اس نے شکار میں سے کچھ کھالیا تو اب بھی کھانا جائز ہے۔

**سوال نمبر52**: اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: **ترجمہ:** حضرت جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے فرماتے ہیں ہیں کہ ہمیں مجوسی کے کتے کے شکار سے منع فرمایا گیا ہے۔

**سوال نمبر53**: کیا غیر مسلم کے برتن کھانے پینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں؟

جواب: غیر مسلم کا برتن دھونے کے بعد استعمال کر سکتے ہیں۔

**سوال نمبر54**: "ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یوم خیبر من کل ذی ناب من السباع ـــ وعن المجثمه وعن الحلیسة" خط کشیدہ کی وضاحت کریں؟

جواب: **مجثمہ** کہتے ہیں اس جانور کو جسے باندھ کر نیزہ یا تیر وغیرہ مارا جائے

**خلیسہ** اس جانور کو کہتے ہیں کہ جسے کوئی آدمی کسی درندے کہ منہ سے چھین لے اور اس آدمی کے پاس وہ جانور ذبح کرنے سے پہلے ہی مر جائے۔

**سوال نمبر55**: "قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم اقتلوا الحیات و اقتلوا ذا لطفتین و الا بتر فانهما یلتمسان البصر

ویسوطان الحبل "اعراب اور ترجمہ کریں؟

**اعراب:**

جواب: **ترجمہ**: تم سانپوں کو مارو اور اس سانپ کو جس کی پیٹھ پر سفید لکیریں ہو اور چھوٹی دم والے سانپ کو کہ یہ اندھا کر دیتے اور حمل کو گرا دیتے۔

**سوال نمبر 56**: حدیث میں فرمایا گیا کہ مؤمن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اس سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے کمال نبوت کے مراتب مراد ہیں۔

**سوال نمبر 57**: اگر کوئی شخص برا خواب دیکھے تو اس سے کیا کرے؟

جواب: اگر کوئی شخص برا خواب دیکھے تو وہ تین مرتبہ بائیں طرف تھوکے اور تعوذ پڑھے۔

**سوال نمبر 58**: مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں

جواب: **اعراب**: "ان اللہ ضرب مثلا صراطا مستقیما علی کنفی الصراط زوران لهما ابواب الفتحة علی الابواب مستور"

**ترجمہ**: بے شک اللہ نے صراط مستقیم کی مثال بیان فرمائی ہے کہ اس کے راستوں کے دونوں جانب گھر ہیں جن کے دروازے کھلے ہیں اور دروازوں پر پردے ہیں۔

**سوال نمبر 59**: مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: **اعراب**: "قال رسول اللہ ﷺ مثل المؤمن کمثل الزرع لایزال الریاح تفئیه ولا یزال المؤمن یصیبه بلاء"

**ترجمہ**: رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مومن کی مثال کھیتی کی سی ہے کہ جسے ہوائیں ہلاتی رہتی ہیں اور مومن کو کوئی نہ کوئی مصیبت پہنچتی رہتی ہے۔

**سوال نمبر 60**: "انما الناس کابل مائة لاتجد فیها راحلة" اس حدیث کا مرادی معنی بیان کریں؟

جواب: علامہ ازہری فرماتے ہیں کہ اس سے مراد یہ لوگ دین کے معاملے میں سست روی کا شکار ہو جائیں گے کہ ان میں کامل تقوی والا فرد ملنا اتنا مشکل اور قلیل ہو گا کہ اتنا سو اونٹوں میں سے ایک بھی سواری کے قابل نہ ہو۔

**سوال نمبر 61**: تفسیر کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: تفسیر کی چھ اقسام ہیں

(1) تفسیر بالقرآن



Rao Moiz

(2) تفسیر بالحدیث

(3) اقوال صحابہ سے

(4) اقوال تابعین سے

(5) لغت عرب سے

(6) عقل سلیم سے

**سوال نمبر62:** "من قال في القرآن برأيه فاصاب فقد اخطا" مذکورہ حدیث کا ترجمہ کریں؟

**جواب:** **ترجمہ:** جس نے اپنی رائے سے قرآن میں کچھ کہا اور درست کہا تو بھی اس نے خطا کی۔

**سوال نمبر63:** "حديث من صلى صلواة كم يقرأفيها بام القرآن فيهي خداج فيهي خداج غير تمام" مذکورہ حدیث کا احناف کی طرف سے جواب لکھیں۔

جواب:

**سوال نمبر64:** "ویسئلونک عن المحیض قل ھو اذی" اس آیت کا شان نزول بیان کریں؟

جواب: یہود کی عادت تھی کہ جب ان کی عورتوں میں سے کسی کو حیض آتا تو اس کے ساتھ کھانا پینا بند کر دیتے۔ یہاں تک کہ اس کو گھر میں بھی نہیں رکھتے اور جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں پوچھا گیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت مبارکہ نازل فرمائی، اور فرمایا کہ وطی کے علاوہ سب جائز ہے۔

**سوال نمبر65:** صلواۃ وسطیٰ سے کون سی نماز مراد ہے اس پر حدیث لکھیں؟

جواب: عصر کی نماز کو صلواۃ وسطی کہتے ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خندق کے دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا نہ کر سکے تو دعا فرمائی کہ یا اللہ تو یہودیوں کے گھروں اور قبروں کو آگ سے بھر دے کہ انہوں نے ہمیں صلواۃ وسطیٰ سے مشغول رکھا۔

**سوال نمبر66:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یوم احد کفار پر لعنت فرمائی تو کون سی آیت نازل ہوئی؟

جواب: لیس لک من الامر شیئ اویتوب علیھم اویعذبھم

**سوال نمبر67:** "مامن رجل لا یودی زکوۃ مالہ الا جعل اللہ یوم القیامۃ فی عنقہ شجاعا" خط کشیدہ عبارت کا مطلب بیان کریں؟

جواب: اس کا مطلب یہ ہے کہ گنجا سانپ اس کے گلے میں طوق کے طور پر ڈالا جائے گا۔



Rao Moiz

**سوال نمبر68**: مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب: "فجعلت انظر و مامنهم يؤ مئذ احد الا يميد تحت جحفته من النعاس "

**ترجمہ**: میں نے دیکھا اس دن سب ہی اونگھ کی وجہ سے ڈھال کے نیچے جھک رہے تھے۔

**سوال نمبر69**: "قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ان للشيطان لمة بابن أدم اللملک لمة" مزکورہ حدیث کا ترجمہ کریں؟

جواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی پر شیطان کا کچھ اثر ہوتا ہے فرشتے کا کچھ اثر ہوتا ہے۔

Rao Moiz